# میکاہؔ
# کی نبُوّت

1 سامرِیہؔ اَور یروشلیمؔ کی بابت یَاھوِہ کا کلام جو شاھانِ یہُوداہؔ یُوتامؔ
و آحازؔ اَور حِزقیاہؔ کے ایّام میں موریشیت کے میکاہؔ پر رُویا میں نازل
ھُوا۔

2 اَے سَب لوگو، سُنو،
اَے زمین اَور اُس کی معمُوری، کان لگاؤ،
تا کہ یَاھوِہ قادر، ھاں یَاھوِہ
اَپنے مُقدّس مَسکن سے تمھارے خِلاف گواھی دے۔

## سامرِیہؔ اَور یروشلیمؔ کے خِلاف فیصلہ

3 دیکھو! یَاھوِہ اَپنی قِیام گاہ سے باھر نکل رہے ھیں؛
وہ نیچے اُترا ھے تا کہ زمین کے اُونچے مقاموں کو پامال کرے۔
4 پہاڑ اُس کے نیچے پگھل جاتے ھیں
اَور وادیاں پھٹ جاتی ھیں،
جِس طرح موم آگ سے پگھل جاتا ھے،
اَور پانی ڈھلوان سے نیچے آتا ھے۔
5 یہ سَب یعقوب کی سرکشی
اَور اِسرائیل کے گھرانے کے گُناہ کے باعث ھے۔
یعقوب کی سرکشی کیا ھے؟

کیا سامریہؔ نہیں؟
یہُوداہؔ کا اُونچا مقام کیا ہے؟
کیا یروشلیمؔ نہیں؟

6 اِس لئے میں سامریہؔ کو کوڑے کرکٹ کا ڈھیر بنا دُوں گا،
اَور تاکستان لگانے کی جگہ کی مانند بناؤں گا۔
میں اُس کے پتّھروں کو وادی میں لُڑھکا دُوں گا
اَور اُس کی بُنیاد اُکھاڑ دُوں گا۔
7 اُس کے سارے بُت چکنا چُور کر دئیے جائیں گے؛
اُس کے بُت خانوں کے تمام عطیات آگ میں جَلا دئیے
جائیں گے؛
میں اُس کی مورتیاں تباہ کر دُوں گا۔
کیونکہ اُس نے اُنہیں طوائفوں کی کمائی سے جمع کیا تھا،
اَور وہ پھر طوائف بازی کی کمائی کی طرح اِستعمال کئے جائیں
گے۔

## رونا اَور ماتم

8 اِس لئے مَیں نوحہ اَور ماتم کروں گا؛
مَیں ننگے پاؤں اَور ننگے بَدن پھروں گا۔
میں گیدڑ کی طرح چِلّاؤں گا
اَور اُلّو کی مانند غم کروں گا۔
9 کیونکہ اسیری کا زخم لاعلاج ہے؛
وہ یہُوداہؔ تک آیا۔
وہ میرے لوگوں کے پھاٹک،

بلکہ یروشلیم تک آ پہنچا۔
10 گاتھ میں اُس کی خبر نہ دینا،
ہرگز ماتم نہ کرو۔
بیت عُفرہ میں
خاک پر لوٹو۔
11 اَے شفیر میں رہنے والی،
تُو برہنہ ہوکر بے شرمی سے چلی جا۔
صانان میں رہنے والے
باہر نہیں آئیں گے۔
بیت ایضل ماتم میں ہے،
اُس کی پناہ گاہ تُم سے لے لی گئی۔
12 مروت کے رہنے والے تڑپتے ہیں،
وہ درد سے چھُٹکارا پانے کے اِنتظار میں ہیں،
کیونکہ یَاہوِہ کی طرف سے بربادی آ گئی ہے،
بلکہ یروشلیم کے پھاٹک تک آ پہُنچی ہے۔
13 لاکیش میں رہنے والی،
رتھ میں گھوڑے جوت۔
صِیّون کی بیٹی کے گُناہ کا آغاز
تُجھ سے ہی ہُوا،
کیونکہ اِسرائیل کے گُناہ،
تُجھ میں پائے گئے۔
14 اِس لئے تُو مورشیت گات کو
جدائی کے تحفے دے۔

اَکزِیبؔ* کے شہر اِسرائیل کے بادشاھوں کے لِئے
دغاباز ثابت ھوں گے۔
15 اَے مریشہؔ کی رھنے والی
میں ایک فاتح کو تیرے خِلاف اُٹھاؤں گا۔
وہ جو اِسرائیل کی شوکت ھے
عدُلّامؔ میں آئے گی۔
16 اَپنے خُوشی بخشنے والے
بچّوں کے ماتم میں سَر مُنڈوا،
گِدھ کی طرح پرنُچے ھو جا،
کیونکہ وہ تیرے پاس سے جَلاوطنی میں چلے جائیں گے۔

# 2

## اِنسان کے منصُوبے اَور خُدا کا اِرادہ

1 اُن پر افسوس جو بدی کا منصُوبہ باندھتے ھیں،
اَور بِستر پر پڑے ھُوئے شرارت کا منصُوبہ بناتے ھیں!
اَور صُبح ھوتے ھی اُس پر عَمل کرتے ھیں
کیونکہ وہ عَمل کرنے کی طاقت رکھتے ھیں۔
2 وہ لالچ سے کھیتوں کو ضَبط کرلیتے ھیں،
اَور گھروں کو چھین لیتے ھیں۔
وہ لوگوں کو اُن کے گھروں سے،
اَور اَپنے ھم جنسوں کو اُن کی مِیراث سے محروم کر دیتے ھیں۔

* **1:14** اکزِیبؔ یعنی فریب

3 اِس لِئے یَاہوِہ فرماتے ہیں:
”مَیں اُس قوم پر بربادی لانے کا اِرادہ کر رہا ہُوں،
جِس سے تُم خُود کو بچا نہ سکوگے۔
اَور اَب غُرور سے چل نہ سکوگے،
کیونکہ یہ مُصیبت کا وقت ہوگا۔
4 اُس دِن لوگ تمہارا مذاق اُڑائیں گے؛
وہ اِس ماتم کے نغمہ سے تُم پر لَعن طَعن کریں گے:
’ہم بالکُل غارت ہو گئے؛
میرے لوگوں کی مِیراث تقسیم ہو گئی۔
اُس نے اُسے ہم سے جُدا کر دیا!
وہ ہمارے کھیت باغیوں کو دیتاہے۔‘ “

5 اِس لِئے یَاہوِہ کی جماعت میں کوئی باقی نہ رہے گا
جو زمین کو قُرعہ ڈال کر بانٹے۔

## جھُوٹے نبی

6 ”نبُوّت نہ کرو،“ اُن کے نبی کہتے ہیں۔
”اُن باتوں کے لِئے نبُوّت نہ کرو؛
رُسوائی ہم پر نہیں آئے گی۔“
7 کیا یہ کہا جائے کہ یعقوب کے گھرانے:
”کیا یَاہوِہ کی رُوح ناراض ہو گئی ہے؟
کیا وہ اَیسے ہی کام کرتے ہیں؟“

”کیا میری باتیں

راست رَو کے لِئے مفید نہیں؟
8 تھوڑی دیر پہلے میرے لوگ دُشمن کی طرح اُٹھے ھیں۔
تُم جنگ سے لَوٹنے والے
بےپروا راہ گیروں کے
نفیس لباس اُتار لیتے ہو،
9 تُم میرے لوگوں کی عورتوں کو
اُن کے خُوشنما گھروں میں سے نکال دیتے ہو۔
تُم اُن کے بچّوں سے ھمیشہ کے لِئے
میری برکتیں چھین لیتے ہو۔
10 اُٹھو، چل دو!
کیونکہ یہ تمھاری آرامگاہ نہیں ہے،
یہ ناپاک ہو چُکی ہے،
اُس کی بربادی کا کوئی علاج نہیں۔
11 اگر کوئی جھُوٹا یا دغاباز آ کر کہے،
’میں تمھارے لِئے کثرت سے شراب اَور مَے کی پیشن گوئی
کروں گا،‘
تو وہ ھی اُن لوگوں کا نبی ہوگا۔

## رِھائی کا وعدہ

12 ”اَے یعقوب، میں تُم سَب کو جمع کروں گا،
میں اِسرائیل کے بقیّہ کو یقیناً جمع کروں گا۔
میں اُنہیں بھیڑ خانہ کی بھیڑوں کی طرح جمع کروں گا،
چراگاہ کے گلّے کی مانند جمع کروں گا،

جگہ لوگوں سے بھر جائے گی۔
13 کوئی راستہ کھولنے والا اُن کے آگے آگے جائے گا،
وہ پھاٹک توڑ کر باہر نکل جائیں گے۔
اُن کا بادشاہ یعنی یَاھوِہ،
اُن کے آگے آگے جائے گا۔"

# 3

## سردار اَور نبیوں کو ڈانٹ

1 تَب مَیں نے کہا، یعقوب کے سردارو، سُنو،
اِسرائیل کے گھرانے کے حاکمو، سُنو!
کیا تُمھیں عدالت سے واقف نہیں ہونا چاہئے؟
2 تُم جو نیکی سے نفرت کرتے ہو اَور بدی سے مَحَبّت رکھتے ہو،
اَور لوگوں کی کھال اُتار لیتے ہو
اَور اُن کی ہڈّیوں سے گوشت نوچتے ہو۔
3 اَور میرے لوگوں کا گوشت کھاتے ہو،
اُن کی کھال اُتارتے ہو
اُن کی ہڈّیوں کو توڑتے ہو،
اَور اُنہیں ہانڈی اَور دیگ کے گوشت کی طرح
ٹکڑے ٹکڑے کرتے ہو۔

4 تَب وہ یَاھوِہ کو پُکاریں گے،
لیکن وہ نہ سُنے گا۔
اُن کے بُرے اعمال کے سبب سے
وہ اُن سے اَپنا مُنہ پھیر لے گا۔

5 یَاھوِہ یُوں فرماتے ھیں:
”اُن نبیوں کے لِئے
جو میرے لوگوں کو گُمراہ کرتے ھیں،
اگر کوئی اُنہیں کھانے کو دیتا ھے،
تو وہ سلامتی ’سلامتی‘ پُکارتے ھیں؛
لیکن اگر کوئی اُنہیں کھانے کو نہ دے،
تو وہ اُس سے لڑنے کو تیّار ھو جاتے ھیں۔
6 اِس لِئے اَب تمھارے اُوپر رات ھو جائے گی جِس میں رُویا نہ
دیکھوگے،
تاریکی چھا جائے گی اَور تُم غیب بینی نہ کروگے۔
نبیوں کے اُوپر سُورج غروب ھو جائے گا،
اَور دِن اَندھیرا ھو جائے گا۔
7 رَوشن ضمیر شرمندہ ھوں گے
اَور غیب بین بے عزّت ھوں گے۔
وہ اَپنا مُنہ چھُپا لیں گے
کیونکہ خُدا کی طرف سے کوئی جَواب نہ ھوگا۔“
8 لیکن مَیں یَاھوِہ کی رُوح کی قُوّت سے
بھر گیا ھُوں،
اَور اِنصاف اَور طاقت سے معمُور ھُوں،
تاکہ یعقوب کو اُس کی سرکشی،
اَور اِسرائیل کو اُس کے گُناہ بتاؤں۔

9 اَے یعقوب کے گھرانے کے سردارو، سُنو،

اَور اِسرائیل کے گھرانے،
تُم جو اِنصاف کے خِلاف کرتے ہو
اَور راستی کو مروڑتے ہو، سُنو،
10 تُم جو صِیّونؔ کو خُونریزی سے،
اَور یروشلیمؔ کو شرارت سے تعمیر کرتے ہو۔
11 اُس کے سردار رشوت لے کر اِنصاف کرتے ہیں،
اُس کے کاہنؔ قیمت لے کر تعلیم دیتے ہیں،
اَور اُس کے نبی رُوپیہ لے کر قِسمت بتاتے ہیں۔
پھر بھی وہ یَاہوِہ کی طرف متوجّہ ہوتے ہیں،
"اَور کہتے ہیں، کیا یَاہوِہ ہمارے درمیان نہیں ہے؟
ہمارے اُوپر کوئی بُلا نہیں آئے گی۔"
12 اِس لیٔے صِیّونؔ تمہاری وجہ سے
کھیت کی طرح ہل سے جوتا جائے گا،
یروشلیمؔ کھنڈر ہو جائے گا،
ہیکلِ کا پہاڑ جھاڑیوں سے ڈھکا ہُوا
ٹیلہ بن جائے گا۔

# 4

## یَاہوِہ کا پہاڑ

1 آخری دِنوں میں
یَاہوِہ کے ہیکل کا پہاڑ قائِم کیا جائے گا
اَورجو تمام پہاڑوں میں بُلند ہوگا؛
وہ اَور پہاڑوں سے اُونچا اُٹھایا جائے گا،

اَور تمام قوموں کا اُس پر تانتا لگا ہوگا۔
2 بہت سِی قومیں آئیں گی اَور کہیں گی،
”آؤ یَاہوِہ کے گھر پر چڑھیں،
اَور یعقوب کے خُدا کے گھر میں داخل ہُوں۔
وہ ہمیں اَپنے آئین سکھائیں گے،
تاکہ ہم اُن کی راہوں پر چلیں۔“
کیونکہ شَریعت صِیّونؔ سے،
اَور یَاہوِہ کا کلام یروشلیمؔ سے صادر ہوگا۔
3 وہ بہت سِی اُمّتوں کے درمیان عدالت کریں گے
اَور دُور دُور کی زورآور قوموں کے جھگڑوں کو مٹائیں گے۔
وہ اَپنی تلواریں پیٹ کر پھالیں،
اَور بھالوں کو ہنسوے بنائیں گے۔
ایک قوم دُوسری قوم پر تلوار نہ اُٹھائے گی،
اَور نہ جنگ کرنے کی تربّیت دے گی۔
4 ہر آدمی اَپنی انگوری بیل،
اَور اَنجیر کے درخت کے نیچے بیٹھے گا،
اَور کوئی اُنہیں نہ ڈرائے گا،
کیونکہ قادرمُطلق یَاہوِہ نے فرمایاہے۔
5 سَب قومیں،
اَپنے معبُودوں کے نام سے چلیں گی؛
پر ہم لوگ اَبد تک،
یَاہوِہ اَپنے خُدا کے نام سے چلیں گے۔

## یَاھوِہ کا منصُوبہ

6 ”اُس روز،“ یَاھوِہ فرماتے ھیں،
”میں لنگڑوں کو جمع کروں گا،
جَلاوطنوں کو،
اَور اُنہیں جنہیں مَیں نے دُکھ دیا ھے، جمع کروں گا۔
7 لنگڑوں کو بقیّہ،
اَور جَلاوطنوں کو زورآور قوم بناؤں گا۔
اُس دِن سے یَاھوِہ کوہِ صِیّونؔ میں،
ھمیشہ تک اُن پر سلطنت کرے گا۔
8 اَور اَے گلّے کے رَوشنی کے مینار،
اَے صِیّونؔ کی بیٹی کے قلعے،
تیری بابت یہ ھے کہ تیری پہلی سلطنت تُجھے ملے گی؛
یروشلیمؔ کی بیٹی کو بادشاھی ملے گی۔“

9 اَب تُو کیوں چِلّاتی ھے۔
کیا تیرا کوئی بادشاہ نہیں ھے؟
کیا تُجھے صلاح دینے والا مِٹ گیا،
کہ تُو دردِزہ کی سِی تکلیف میں مبتلا ھے؟
10 اَے صِیّونؔ کی بیٹی،
تو زچّہ کی مانند درد سے تکلیف اُٹھا رہی ھے،
اَب تُجھے کھُلے میدان میں جا کر رھنے کے لِئے،
شہر کو چھوڑ دینا چاھئے۔
تُو بابیل کو جائے گی؛

وھاں تُو رِھائی پائے گی۔
وھیں یَاھوِہ تُجھے،
تیرے دُشمنوں کے ھاتھ سے چھُڑائیں گے۔

11 لیکن اَب بہت سِی قومیں،
تیرے خِلاف جمع ھو گئی ھیں۔
وہ کھتی ھیں، ”صِیّونؔ کو ناپاک ھونے دو،
اَور ھماری آنکھیں اُس کی رُسوائی دیکھیں!“
12 لیکن وہ یَاھوِہ کے خیالات سے،
واقف نہیں؛
وہ اُس کے منصُوبہ کو نہیں سمجھتے،
جو اُن کو کھلیان کے پُولوں کی طرح جمع کرتے ھیں۔
13 اَے صِیّونؔ کی بیٹی، اُٹھ اَور کُچل،
کیونکہ مَیں تُجھے لوھے کے سینگ،
اَور کانسے کے کھُر دُوں گا،
اَور تُو بہت سِی قوموں کے ٹکڑے کر ڈالے گی۔
اَور اُن کے ناجائز آمدنی کے ذخیروں کو خُدا کی نذر کرے گی،
اَور اُن کے مال کو زمین کے مالک، یَاھوِہ خُدا کے حُضُور میں
لائے گی۔

# 5

## بیت لحمؔ میں سے ایک وعدہ کیا ھُوا حاکم

1 اَے لشکروں کے شہر، لشکروں کو جمع کرو،
کیونکہ ھمارے خِلاف ایک محاصرہ ھونے والا ھے۔

وہ اِسرائیل کے حاکم کے گال پر،
سلاخ سے ماریں گے۔

2 لیکن اَے بیت لحمؔ اِفراتہؔ،
تُو جو یہُوداہؔ کی برادری میں سَب سے چھوٹا ہے، تو بھی تُجھ میں سے
میرے لئے ایک حاکم برپا ہوگا
جو سارے اِسرائیل پر حُکومت کرے گا،
وہ ایّام اَزل سے ہے،
اُس کا ظہُور قدیم زمانے سے ہے۔

3 اِس لئے اِسرائیل کو اُس وقت تک چھوڑ دیا جائے گا،
جَب تک کہ زچّہ کے یہاں وِلادت نہ ہو جائے،
اَور اُس کے باقی بھائی واپس آ کر،
اِسرائیل سے مِل نہ جائیں۔

4 وہ کھڑا ہوگا،
اَور یَاہوِہ کی قُدرت،
اَور یَاہوِہ کے نام کی عظمت سے،
اُس کے گلّے کی گلّہ بانی کرے گا۔
وہ محفوظ رہیں گے،
تَب وہ زمین کی اِنتہا تک بُزرگ ہوگا۔

5 اَور وہ ہماری سلامتی ہوگا۔
جَب اشُور ہمارے مُلک پر حملہ کرے گا،

اَور ہمارے محلوں میں قدم رکھے گا،
تو ہم اُس کے خِلاف سات چرواہے،
بَلکہ آٹھ آدمیوں کے سردار بھی کھڑے کریں گے۔
6 وہ اشُور کی سرزمین پر تلوار سے،
اَور نِمرودؔ کے مُلک پر ننگی تلوار سے حُکمرانی کریں گے۔
جَب اشُور ہمارے مُلک پر حملہ کرے گا،
اَور ہماری سرحدوں میں داخل ہوگا،
تو وہ ہمیں اشُور سے رِہائی بخشے گا۔

7 یعقوب کا بقیّہ،
بہت سِی قوموں کے لیٔے اَیسا ہوگا،
جَیسے یَاہوِہ کی طرف سے اوس،
اَور گھاس کے اُوپر بارش،
جو نہ آدمی کا اِنتظار کرتی ہے،
اَور نہ کسی اِنسان کے لیٔے ٹھہرتی ہے۔
8 یعقوب کا بقیّہ قوموں میں،
اَور بہت سِی اُمّتوں کے درمیان،
اَیسا ہوگا جَیسے شیرببر جنگلی جانوروں میں،
یا جَوان شیر بھیڑوں کے گلّے میں،
جَب وہ اُن کے درمیان سے نکلتا ہے تو اُنہیں روندتا اَور پھاڑتا ہے،
اَور کوئی اُنہیں بچا نہیں سَکتا۔
9 تیرا ہاتھ فتح مندی کے ساتھ تیرے دُشمن پر اُٹھے گا،
اَور تیرے سَب دُشمن برباد ہو جائیں گے۔

10 ”اُس روز،“ یَاھوِہ فرماتے ھیں،
”مَیں تیرے گھوڑوں کو جو تیرے درمیان ھیں، کاٹ ڈالوں گا،
اَور تیرے رتھوں کو برباد کر دُوں گا۔
11 مَیں تیرے مُلک کے شہروں کو برباد کر دُوں گا،
اَور تیرے سَب قلعوں کو ڈھا دُونگا۔
12 مَیں تیری جادُوگری ختم کر دُوں گا،
اَور تیرے فالگیر پھر کبھی فال نہ نکالیں گے۔
13 مَیں تیری کھودی ہُوئی مورتوں نِیست کر دُوں گا،
اَور تیرے درمیان سے تیرے مُقدّس پتّھروں کو برباد کر دُوں گا؛
تُو پھر کبھی اَپنے ھاتھوں کی کاریگری کو،
سَجدہ نہ کرے گا۔
14 مَیں تیرے اشیراہؔ کے سُتونوں کو تیرے درمیان سے اُکھاڑ دُوں گا،
اَور تیرے شہروں کو غارت کر دُوں گا۔
15 میں اُن قوموں پر جنہوں نے میری فرمانبرداری نہیں کی،
اَپنا قہر نازل کرکے اِنتقام لُوں گا۔“

# 6

## اِسرائیل کے خِلاف خُدا کی شکایت

1 یَاھوِہ کا فرمان سُن:
”اُٹھ، پہاڑوں کے سامنے اَپنا مُعاملہ پیش کر؛
اَور ٹیلے تیرے بَیان کو سُنیں۔

2 ”اَے پہاڑو اَور اَے زمین کی غَیر فانی بُنیادو،

یَاھوِہ کا اِلزام سُنو۔
کیونکہ اَپنے لوگوں کے خِلاف یَاھوِہ کا ایک مُقدّمہ ہے؛
وہ اِسرائیل پر فردِ جُرم لگاتاہے۔

3 ”اَے میرے لوگو، مَیں نے تُم سے کیا کیا؟
اَور تمہارے اُوپر کیسے بوجھ لادا؟ جَواب دو۔
4 میں تُمہیں مُلک مِصر سے نکال کر باہر لایا،
اَور فدیہ دے کر غُلامی کے مُلک سے چھُڑایا۔
مَیں نے مَوشہ، اَہرونؔ اَور مِریمؔ کو،
تمہاری رہنمائی کے لئے بھیجا۔
5 میرے لوگو، یاد کرو،
کہ شاہِ مُوآب بلقؔ نے تُمہیں کیا مشورہ دیا،
اَور بِلعاؔم بِن بعورؔ کے بیٹے بِلعاؔم نے اُسے کیا جَواب دیا۔
شِطّیِمؔ سے گِلگالؔ تک کے اَپنے سفر کو یاد کرو،
تاکہ یَاھوِہ کے راستبازی کے کاموں کو جان لو۔“

6 میں کیا لے کر یَاھوِہ کے حُضُور میں آؤں،
اَور خدائے تعالیٰ کو کیسے سَجدہ کروں؟
کیا سوختنی نذروں،
اَور ایک سالہ بچھڑوں کے ساتھ اُس کے حُضُور میں آؤں؟
7 کیا یَاھوِہ ہزار مینڈھوں،
اَور تیل کی دس ہزار نہروں سے خُوش ہونگے؟
کیا میں اَپنی سرکشی کے عوض اَپنے پہلوٹھے کو دُوں،

اَپنی جَوانی کے پھل کو اَپنی جان کے گُناھوں کے بدلے میں دے
دُوں؟
8 اَے اِنسان، اُنہُوں نے تُجھے دِکھا دیا کہ نیکی کیا چیز ہے،
اَور یَاھوِہ تُجھ سے کیا چاہتے ھیں؟
یہ کہ تُو اِنصاف اَور رحمدلی کو عزیز رکھے،
اَور اَپنے خُدا کے سامنے فروتنی سے چلے۔

## اِسرائیل کی خطا اَور سزا

9 سُنو، یَاھوِہ شہر کو پُکارتے ھیں۔
آپ کے نام سے ڈرنا حِکمت ہے۔
”عصا اَور اُس کے مُقرّر کرنے والے کی سُنو۔
10 اَے بدکار گھرانے، کیا میں اَب بھی تیرا ناجائز منافع،
اَور کم پیمانے کو جو نفرت کا باعث ھیں، بھُول جاؤں؟
11 کیا میں اَیسے آدمی کو چھوڑ دُوں جو دغا کے ترازو رکھتا ہے،
اَور غلط باٹوں کا تھیلہ رکھتا ہے؟
12 تمہارے دولتمند ظالِم ھیں؛
تمہارے باشِندے جھُوٹ بولتے ھیں۔
اُن کی زبانیں دغابازی کی باتیں کرتی ھیں۔
13 اِس لِئے مَیں نے تُجھے غارت کرنا،
اَور تیرے گُناھوں کے سبب سے تُجھے برباد کرنا شروع کر دیا
ہے۔
14 تُو کھائے گا پر آسُودہ نہ ھوگا؛
تیرا پیٹ نہ بھرے گا۔
جمع کرے گا لیکن بچا نہ پائے گا،

کیونکہ جو کچھ تُو بچائے گا مَیں اُسے تلوار کے حوالہ کر دُوں
گا۔
15 تُو بوئے گا پر فصل نہ پائے گا،
زَیتُون کا تیل نکالے گا لیکن اِستعمال نہ کرے گا،
انگور روندے گا پر مَے نہ پیئے گا۔
16 تُو عُمریؔ کے قوانین،
اَور احابؔ کے خاندان کے اعمال کی پیروی کرتا ہے،
اَور اُن کے رِواج مانتا ہے۔
اِس لئے مَیں تُجھے ویران کروں گا،
اَور تیرے لوگوں کو مذاق کا باعث بناؤں گا،
وہ ساری قوموں میں تمسخر کا باعث بنیں گے۔"

## 7

### اِسرائیل کی مُصیبت

1 دُوسری مُصیبت کتنی بڑی ہے!
مَیں اُس آدمی کی مانند ہُوں
جو انگور توڑنے کے وقت گرمیوں کا پھل جمع کرتا ہے،
لیکن اُسے کھانے کے لئے انگور کا ایک گُچّھا بھی نہیں،
اَور نہ میرا مَن چاھا اَنجیر کا پہلا پھل ہے۔
2 نیک آدمی زمین پر سے مٹا دئیے گئے،
ایک راستباز بھی باقی نہیں۔
سَب لوگ خُون کی گھات میں لگے ہُوئے ہیں،
ہر آدمی جال بچھا کر اَپنے بھائی کا شِکار کرتا ہے۔
3 اُن کے دونوں ہاتھ بدی کرنے میں ماہر ہیں،

حاکم تحفے طلب کرتے ھیں،
مُنصِف رشوت لیتا ھے،
زبردست جو چاھتے ھیں، اُن سے کرواتے ھیں۔
وہ سَب مِل کر سازش کرتے ھیں۔
4 اُن میں کا سَب سے اَچھّا اُونٹ کٹّارے کی مانند ھے،
اَور سَب سے راستباز خاردار جھاڑی سے بدتر ھے۔
وہ دِن آ گیا ھے جَب خُدا تمھارے درمیان آئیں گے۔
وہ دِن جَب پہرےدار خطرے کی گھنٹی بجایٔں گے۔
اَب تمھاری پریشانی کا دِن ھے۔
5 پڑوسی پر بھروسا مت کر،
دوست پر اِعتماد نہ کر۔
اَپنی پیاری بیوی پر اِعتبار نہ کر،
اَپنی بات میں خبردار رہ۔
6 کیونکہ بیٹا اَپنے باپ سے حقارت کرتا ھے،
بیٹی اَپنی ماں کی،
اَور بہُو اَپنی ساس کے خِلاف میں کھڑی ھو جاتی ھے۔
آدمی کے دُشمن اُس کے گھر ھی کے لوگ ھوتے ھیں۔

7 لیکن مَیں پُر اُمّید ھوکر یَاھوِہ کی راہ دیکھوں گا،
مَیں اَپنے مُنجّی خُدا کا اِنتظار کروں گا؛
میرے خُدا میری سُنیں گے۔

## اِسرائیل اُٹھے گا

8 اَے میرے دُشمن مُجھ پر خُوش نہ ھو!

اگرچہ مَیں گِر پڑا ہُوں لیکن اُٹھ کھڑا ہُوں گا۔
چاہے مَیں اَندھیرے میں ہُوں،
پھر بھی یَاھوِہ میری رَوشنی ہوں گے۔
9 کیونکہ مَیں نے اُن کے خِلاف گُناہ کیا ہے،
جَب تک وہ میرا مُقدّمہ نہ لڑے،
اَور میرا حق ثابت نہ کرے۔
جب تک وہ مُجھے رَوشنی میں نہیں لائے گا،
تب تک مَیں اُن کی راستبازی نہ دیکھوں گا۔
اَور مَیں یَاھوِہ کے قہر کو برداشت کروں گا،
10 تَب میرا دُشمن اُس کو دیکھے گا،
اَور شرمندہ ہوگا،
وہ جِس نے مُجھ سے کہاتھا،
کہ یَاھوِہ تیرا خُدا کہاں ہے؟
میری آنکھیں اُس کا زوال دیکھیں گی؛
اَب بھی وہ پیروں کے نیچے کُچلی جائے گی،
جِس طرح گلیوں میں کیچڑ روندی جاتی ہے۔

11 تمہاری فصیلیں تعمیر کرنے،
اَور تمہاری حُدُودیں بڑھانے کا وقت آئے گا۔
12 اُس دِن لوگ تیرے پاس آئیں گے،
اشُور اَور مِصر کے شہروں سے تیرے پاس آئیں گے،
بَلکہ مِصر سے دریائے فراتؔ،
اَور سمُندر اَور پہاڑ سے پہاڑ تک،

قومیں تیرے پاس آئیں گی۔
13 زمین اَپنے باشِندوں کے کاموں کے سبب سے،
ویران ہو جائے گی۔

## دعا اَور تمجید

14 اَپنے لوگوں، یعنی اَپنی مِیراث کے
گلّوں کی گلّہ بانی عصا سے کر،
جو جنگل میں زرخیز چراگاہوں میں،
تنہا رہتے ہیں۔
اُنہیں باشانؔ اَور گلعادؔ میں،
قدیم زمانہ کی طرح چرنے دے۔

15 جَیسے مَیں نے تُجھے مِصر سے نکلنے کے دِنوں میں دِکھائے تھے،
مَیں اُن کو اَپنے عجائب دِکھاؤں گا۔

16 قومیں دیکھیں گی اَور شرمندہ ہُوں گی،
اُن سے اُن کی تمام قُوّت چھین لی جائے گی۔
وہ اَپنے مُنہ پر اَپنا ہاتھ رکھیں گے،
اَور اُن کے کان بہرے ہو جائیں گے۔
17 وہ سانپ کی طرح خاک چاٹیں گے،
اَور زمین پر رینگنے والے کیڑوں کی طرح،
کانپتے ہُوئے اَپنی ماندوں سے باہر آئیں گے؛
ڈرتے ڈرتے ہمارے یَاہوِہ خُدا کی طرف آئیں گے،
اَور آپ سے نہ ڈریں گے۔

18 آپ جَیسا خُدا کون ہے،
جو گُناہ مُعاف کرتا ہے،
اَور اَپنی مِیراث کے بقیّہ کی خطاؤں کو بخشتا ہے؟
وہ اَپنا قہر ہمیشہ کے لیٔے نہیں رکھ چھوڑتا،
بَلکہ رحم کرنے سے خُوش ہوتا ہے۔
19 آپ پھر ہم پر رحم فرمائۓ گا؛
آپ ہمارے گُناہوں کو پیروں تلے کُچلے گا،
اَور ہماری سَب بدکاریوں کو سمُندر کی تہہ میں ڈال دے گا۔
20 آپ یعقوب کے گھرانے سے وفا شعاری کرے گا،
اَور اَبراہامؔ کو شفقت دِکھائۓ گا،
جِس کی بابت آپ نے قدیم زمانوں میں،
ہمارے باپ دادوں سے قَسم کھائی تھی۔

# ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica

## Urdu: ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica (Bible)

copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 Biblica, Inc.

Language: اردو

Contributor: Biblica, Inc.

ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.

**Creative Commons License**

This work is made available under the Creative Commons Attribution-ShareAlike 4.0 International License (CC BY-SA). To view a copy of this license, visit https:// creativecommons.org/ licenses/ by-sa/ 4.0 or send a letter to Creative Commons, PO Box 1866, Mountain View, CA 94042, USA.
You have permission to copy and distribute this Work, as long as you do not change it and you keep the title as it is. Changing or translating this Work will create a derivative work. When you publish this derivative work, you must list what changes you have made where people can see them, such as on a website. You must also show where the original Work is from: "The original Work by its copyright holders is available for free at www.biblica.com andopen.bible."
Notice of copyright must appear on the title or copyright page of the work as follows:
ترجمہ عصرِ ہم اردو آزادانہ ®Biblica™
اِشاعت حق © ،1999 2005، 2022، 2024 Biblica, Inc.
Biblica® Open Urdu Contemporary Version™
Copyright © 1999, 2005, 2022, 2024 by Biblica, Inc.
"Biblica" ریاستہائے متحدہ کے حُقُوق اَور سند کی رجسٹرڈ تجارتی نشان کے ذریعہ Biblica Inc میں درج ہے۔ اجازت کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔
"Biblica" is a trademark registered in the United States Patent and Trademark Office by Biblica, Inc. Used with permission.
You must also make your derivative work available under the same license (CC BY-SA).
If you would like to notify Biblica, Inc. regarding your translation of this work, please contact us at https://open.bible/#feedback.
This translation is made available to you under the terms of the Creative Commons Attribution Share-Alike license 4.0.

You have permission to share and redistribute this Bible translation in any format and to make reasonable revisions and adaptations of this translation, provided that:

You include the above copyright and source information.

If you make any changes to the text, you must indicate that you did so in a way that makes it clear that the original licensor is not necessarily endorsing your changes.

If you redistribute this text, you must distribute your contributions under the same license as the original.

Pictures included with Scriptures and other documents on this site are licensed just for use with those Scriptures and documents. For other uses, please contact the respective copyright owners.

Note that in addition to the rules above, revising and adapting God's Word involves a great responsibility to be true to God's Word. See Revelation 22:18-19.

2025-05-22

---

PDF generated using Haiola and XeLaTeX on 26 Jul 2025 from source files dated 22 May 2025

aaa4055b-8d53-58be-87e4-9408c7c9218f